www.corruptionwatchnews.com

کرپشن واچ کا نعرہ ★★★★★ کرپشن سے پاک وطن ہمارا

DAILY CORRUPTION WATCH Karachi

روزنامہ کرپشن واچ کراچی

چیف ایگزیکٹیو نزاکت حسین | ایڈیٹر: مستحب احمد | Ph: 021-35630499

جلد نمبر 07 | 10 فروری 2022ء، 08 رجب المرجب 1443ھ، شمارہ نمبر 116 | قیمت 10

وفاقی محتسب نے چیئرمین ای او بی آئی اور سیکرٹری بیرون ملک پاکستانیز ڈویژن کو طلب کرلیا

1976 کے ایکٹ کے تحت تمام آجرین کے لئے کارکنان کو رجسٹر کرنے کے لئے لائحہ عمل بنانے کا حکم

محض آٹھ ہزار روپے پنشن کے لئے غریب ورکرز کو دردر کے دھکے کھانے پڑتے ہیں۔وفاقی محتسب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے از خود نوٹس لیتے ہوئے چیئرمین ای او بی آئی اور بیرون ملک پاکستانیز ڈویژن کے سیکرٹری کو اپنے دفتر طلب کر کے 1976 کے ایکٹ کے تحت تمام آجرین کے لئے کارکنان کو رجسٹر کرنے کے لئے لائحہ عمل بنانے کا حکم دیا ہے۔تفصیلات کے مطابق وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے مزدوروں اور کارکنوں کی طرف سے بڑی تعداد میں موصول ہونے والی شکایات پر از خود نوٹس لیتے ہوئے گزشتہ روز چیئرمین EOBI اور بیرون ملک پاکستانیز ڈویژن کے سیکرٹری کو اپنے دفتر طلب کر کے ہدایت کی کہ وہ 1976 کے EOBI ایکٹ کے تحت تمام کارکنان کی رجسٹریشن کو یقینی بنانے کے لئے لائحہ عمل تشکیل دیں اور ریٹائرڈ ورکرز کو فوری طور پر پنشن ادا کریں۔انہوں نے کہا کہ آٹھ ہزار روپے ماہانہ پنشن کے لئے ان غریبوں کو دردر کے دھکے کھانے پڑتے ہیں اور کوئی ان کا پرسان حال نہیں ہوتا۔وفاقی محتسب نے چیئرمین ای او بی آئی کو ہدایت کی کہ ایسی مربوط حکمت عملی تیار کریں کہ کوئی ورکر رجسٹریشن سے محروم نہ رہے۔انہوں نے چیئرمین کو ہدایت کی کہ ایسے آجروں کے خلاف بھی کارروائی کی جائے جو اپنے ورکرز کی EOBI میں رجسٹریشن نہیں کراتے اور قانون کے مطابق اپنے حصے کی رقم جمع نہیں کراتے۔